السنیۃ الانیفہ
فی
فتاوی افریقیہ
اعلیٰ حضرت مولانا
شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرگ اے فیصل آباد

اعلیٰ حضرت مولانا

شاہ محمد احمد رضا قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گلبرگ اے فیصل آباد

041-626046

تزئین واہتمام

سیّد حمایت رسول قادری

نام کتاب------------ فتاوٰی افریقہ

مؤلف------------ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کمپوزنگ------------ محمد حسین 0300-9414815

پروف ریڈنگ ______ محمد رب نواز سیالوی فاضل دارالعلوم نوریہ رضویہ گلبرگ فیصل آباد

صفحات ------------ 176

تاریخ اشاعت ------ اگست ۲۰۰۴ء

تعداد ------------ 1100

مطبع ------------ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ناشر ------------ مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد

قیمت ------------ -/80 روپے

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11 گنج بخش روڈ، لاہور فون: 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون: 626046

۲۹۔امام اجل سیدی عبدالعزیز بن احمد بن محمد بخاری حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ تحقیق شرح اصول حسامی میں فرماتے ہیں ان غلافیه(ای فی اهواه) حتی وجب اکفاره به لا یعتبر خلافه ووفاقه ایضاً لعدم دخوله فی مسمے الامة الشهود لها بِالْعِصْمَةِ وان صلے الی القلبة واعتقد نفسه مسلماً لان الامة لیست عبارة عن المصلین الی القبلة بل عن المؤمنین فهو کافروان کان لا یدری انه کافر یعنی بدمذہب اگراپنی بدمذہبی میں خالی ہو جس کے سبب اسے کافر کہنا واجب ہو تو اجماع میں اس کی مخالفت موافقت کا کچھ اعتبار نہ ہوگا کہ خطا سے معصوم ہونے کی شہادت تو امت کے لئے آئی ہے اور وہ امت ہی سے نہیں اگر چہ قبلہ کی طرف نماز پڑھتا اور اپنے آپ کو مسلمان اعتقاد کرتا ہو اس لئے کہ امت قبلہ کی طرف نماز پڑھنے والوں کا نام نہیں بلکہ مسلمان کا نام ہے اور یہ شخص کافر ہے اگر چہ اپنی جان کو کافر نہ جانے ہاں ہاں میرے بھائیو ہر ایک عذر کا جواب تمہید ایمان میں تو قرآن عظیم کی متعدد آیات سے سن چکے کہ رب عزوجل نے بار بار بتکرار صراحۃً فرمادیا کہ غضب الٰہی سے بچنا چاہتے ہو تو اس باب میں اپنے باپ کی بھی رعایت نہ کرو۔تمہید ایمان صفحہ ۴۵۔تمہارا رب عزوجل فرماتا ہے قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۔ کہدو کہ آیا حق اور مٹا باطل باطل کو ضرور مٹنا ہی تھا اور فرماتا ہے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْتَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ دین میں کچھ جبر نہیں حق راہ صاف جدا ہوگئی ہے گمراہی سے یہاں چار مرحلے تھے(۱) جو کچھ ان دشنامیوں نے لکھا چھاپا ضرور وہ اللہ و رسول جل وعلا و ﷺ کی توہین و دشنام تھا۔(۲) اللہ و رسول جل وعلا و ﷺ کی توہین کرنے والا کافر ہے(۳) جو انہیں کافر نہ کہے جو ان کا پاس لحاظ رکھے جو ان کی استادی یا رشتے یا دوستی کا خیال کرے وہ بھی انہیں میں سے ہے انہیں[۱] کی طرح کافر ہے قیامت میں ان کے ساتھ ایک رسی میں باندھا جائے گا(۴) جو عذر و مکر جہال وضلال یہاں بیان کرتے ہیں سب باطل و ناروا و پاور ہوا ہیں۔ یہ چاروں بحمد اللہ تعالیٰ بروجہ اعلیٰ واضح روشن ہو گئے جن کے ثبوت قرآن عظیم ہی کی آیات

---

[۱] کہ اکابر ائمہ دین کی تصریحیں سن چکے کہ من شک فی عذابه وکفره فقد کفر جو ایسے کی معذب و کافر ہونے میں شک کرے خود کافر ہے۔